Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 15 | ہفتہ 10 اگست 2024ء، 4 صفر المظفر 1446ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 133

پاکستان کی ایران کو شاہین میزائل دینے بارے خبروں کی تردید

خطے میں قیام امن کیلئے کوششیں جاری رکھیں گے، بنگلہ دیشی حالیہ واقعات میں پاکستان کے ملوث ہونے بارے رپورٹس بھارتی ذہنی خبط کی عکاسی کرتی ہیں، ممتاز زہرا بلوچ

کانگریس میں پیش بھارت امریکا دفاعی تعاون بل پر تحفظات کا اظہار کیا ہے، امید ہے امریکی کانگریس پاکستان کیساتھ تعلقات بہتر بنانے میں کردار ادا کرے گی ،، ترجمان دفتر خارجہ کی بریفنگ

وزیراعظم شہباز شریف پولیو کے خاتمے کے پروگرام کراچی کے حوالے سے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اسلام آباد (انٹرنیوز) پاکستان نے ایران کو شاہین میزائل دینے کی تردید کرتے ہوئے کہا ہے کہ خطے میں قیام امن کیلئے کوششیں جاری رکھیں گے، بنگلہ دیشی حالیہ واقعات میں پاکستان کے ملوث ہونے بارے رپورٹس بھارتی ذہنی خبط کی عکاسی کرتی ہیں، کانگریس میں پیش بھارت امریکا دفاعی تعاون بل پر تحفظات کا اظہار کیا ہے، امید ہے امریکی کانگریس پاکستان (بقیہ نمبر 30)

حکومتی اقدامات کے نتیجہ میں زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافہ

مہنگائی میں کمی اور ٹیکسوں کی وصولی میں اضافہ ہوا ہے، وفاقی وزیر خزانہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے عوامی جمہوریہ چین کے سفارت خانے کے چارج الامور ژی ہونگ یانگ اور دیگر حکام سے ملاقات کی۔ وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے پاور محمد علی اور وزیر مملکت برائے خزانہ و محصولات علی پرویز ملک اور وزیر بجلی سردار اویس احمد خان لغاری بھی اس موقع پر موجود تھے۔ وزیر خزانہ نے چینی وفد کا پرتپاک خیرمقدم کیا اور دونوں ممالک کے درمیان مضبوط دوطرفہ (بقیہ نمبر 31)

پیشہ ور بھکاریوں کیخلاف کارروائی کی یقین دہانی

محسن نقوی کا ایف آئی اے کو بھکاریوں کو سعودیہ بھجوانے میں ملوث مافیا کیخلاف کریک ڈاؤن کا حکم

اسلام آباد (فیصل ندیم سے) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کارروائی کی یقین دہانی کراتے ہوئے ایف آئی اے کو بھکاریوں کو سعودیہ بھجوانے میں ملوث مافیا کیخلاف (بقیہ نمبر 34)

ڈپٹی کمشنر جہلم سیدہ لمعہ علی کا ضلع کی مختلف یونین کونسلز کا دورہ

اوپن پالٹس اور قبرستانوں کو صاف کیا جائے اور کہیں بھی پانی کھڑا نہ ہو، ڈپٹی کمشنر جہلم

جہلم (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب کے ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت ضلع جہلم میں صفائی کے حوالے سے مہم تیزی سے جاری ہے۔ ڈپٹی کمشنر جہلم سیدہ لمعہ علی نے ضلع کی مختلف یونین کونسلز کا دورہ کیا اور شہریوں کی شکایات کا جائزہ (بقیہ نمبر 33)

یو اے ای کے قونصل جنرل کا پاکستانیوں کو انتباہ

سوشل میڈیا پر پاکستان کیخلاف پروپیگنڈا کرنیوالے پاکستانیوں کیخلاف سخت کارروائی کرینگے

کراچی (آئی آئی پی) خصوصی طور پر متحدہ عرب امارات کے قونصل جنرل عتیق شفیق الرحمٰن نے پاکستان کو خبردار کیا ہے کہ تیکنیکی معاملہ سے پاکستان کے خلاف پروپیگنڈا کرنے والے پاکستانیوں کے خلاف سخت کارروائی کرنے کا فیصلہ (بقیہ نمبر 32)

آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر سے مسجد نبوی ﷺ کے امام الشیخ ڈاکٹر صلاح بن محمد البدیر ملاقات کر رہے ہیں

زرعی مصنوعات کی ویلیو ایڈیشن پر توجہ دینا ہوگی، وزیراعظم

زرعی اجناس کی پیداوار میں اضافہ

پاکستان کی زرعی مصنوعات کی برآمدات 3 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں، آئندہ سال کیلئے زرعی برآمدات کا ہدف 7 ارب ڈالر ہونا چاہیے، میاں شہباز شریف

ہم سب کو ارشد ندیم پر فخر ہے، ارشد ندیم کی کامیابی پر ہم اللہ تعالیٰ کے شکر گزار ہیں، 40 سال بعد پاکستان نے اولمپکس میں طلائی تمغہ حاصل کیا ہے، وقت آگیا ہے کہ کرکٹ، ہاکی سمیت دیگر کھیلوں کو فروغ دیا جائے، تقریب سے خطاب

کراچی (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ ملک میں زرعی اجناس کی پیداوار میں اضافہ ہوا ہے، 3 ارب ڈالر کے زرعی اجناس ایکسپورٹ کر رہے ہیں، بیس زرعی معصومات کی ویلیو ایڈیشن پر توجہ دینا ہوگی، ہم سب کو ارشد ندیم پر فخر ہے، ارشد ندیم کی کامیابی پر ہم اللہ تعالیٰ کے شکر گزار ہیں، کراچی میں بین الاقوامی فوڈ اینڈ ایگریکلچر نمائش کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف نے کہا (بقیہ نمبر 44)

وزیر خوراک پنجاب بلال یاسین انٹیاما کیمیہ 2024 لاہور میں فوڈ پیرس کیمیکل نیشن سٹرز کا افتتاح کرنے کے بعد میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

پاکستان نے ICERD رپورٹ اقوام متحدہ کی کمیٹی کو پیش کی

جائزے میں 24 دیس سے 26 دیس دور کی مشترکہ رپورٹ اور کمیٹی کی طرف سے نمایاں کردہ موضوعات پر تفصیلی جوابات شامل ہیں

پاکستان نے 2023 میں اپنی پچھلی ڈیکیڈ مردم شماری مکمل کی، ملک کی آبادی تقریباً 241 ملین تخمینہ کی گئی ہے، کمیٹی کی سفارشات

جنیوا (ٹائیرنگ ڈیسک) حکومت پاکستان نیشن الاقوامی کنونشن برائے نسلی امتیاز کے خاتمے (ICERD) پر قومی رپورٹ کو پیش کر دیا۔ اس جائزے میں 24 دیس سے 26 دیس دور کی مشترکہ رپورٹ اور کمیٹی کی طرف سے نمایاں کردہ موضوعات پر تفصیلی جوابات شامل ہیں، جو پاکستان کی نسلی امتیاز کے خاتمے کے لیے (بقیہ نمبر 51)

تاریخی کامیابی پر مسلح افواج کے سربراہان کی ارشد ندیم کو مبارکباد

شاندار کامیابی ارشد ندیم کی غیر متزلزل لگن کا نتیجہ ہے، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (این این آئی) اولمپکس میں تاریخ ساز کامیابی پر مسلح افواج کے سربراہان نے 40 سال بعد گولڈ میڈل جیتنے والے ارشد ندیم کو مبارکباد دی ہے۔ (بقیہ نمبر 52)

صدر ورائی سی آئی سے چیئرمین انٹیگریٹی ویلیٹیز ٹرسٹ عبدالرزاق ساجد ملاقات کر رہے ہیں

پروایجوکیشنل کنسلٹنسی کالج کے وفد کا پارلیمنٹ ہاؤس کا دورہ

وفد کو سینیٹ میوزیم کا دورہ کرایا گیا جہاں پر انہیں ایوان بالا کی تاریخ پر مبنی ڈاکومنٹری بھی دکھائی گئی

وفد نے سینیٹ میوزیم میں ملک کے ممتاز سیاستدانوں کے مجسموں اور تاریخی تصاویر میں دلچسپی کا اظہار کیا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) کالج پروایجوکیشنل کنسلٹنسی کے انٹرنیز کے وفد نے ڈپٹی کمشنر عمران کے ہمراہ پارلیمنٹ ہاؤس کا دورہ کیا۔ وفد کو سینیٹ میوزیم کا دورہ کرایا گیا جہاں پر انہیں ایوان بالا کی تاریخ پر مبنی ڈاکومنٹری بھی دکھائی گئی۔ وفد نے سینیٹ میوزیم میں ملک کے ممتاز سیاستدانوں کے مجسموں اور تاریخی تصاویر میں دلچسپی کا اظہار کیا۔ وفد کو سینیٹ میوزیم کا دورہ کرایا گیا جہاں پر انہیں ایوان بالا کی تاریخ پر مبنی ڈاکومنٹری بھی دکھائی گئی۔ وفد نے سینیٹ میوزیم میں ملک کے (بقیہ نمبر 37)

پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد میں سینیٹ میوزیم کا دورہ کرنے والے کالج کے پیشہ ور تعلیمی کنسلٹنسی کے انٹرنز کا ایک گروپ

رکن قومی اسمبلی حامی امتیاز کو 12 اگست کو پیش کرنے کا حکم

لاہور (انٹرنیوز) لاہور ہائیکورٹ نے پی ٹی آئی رکن اسمبلی حامی امتیاز 12 اگست کو پیش کرنے کا حکم دے دیا۔ تفصیلات کے مطابق لاہور ہائیکورٹ میں جسٹس علی باقر نجفی نے پی ٹی آئی کے رکن قومی اسمبلی حامد امتیاز احمد کی بازیابی کیلئے ان کی اہلیہ کی درخواست پر سماعت کی۔ ایڈووکیٹ جنرل پنجاب نے عدالت کو بتایا کہ حامی امتیاز گوجرانوالہ جیل (بقیہ نمبر 38)

اسپیکر قومی اسمبلی الشیخ ڈاکٹر صلاح بن محمد البدیر کی ملاقات

سردار ایاز صادق سے امام مسجد نبوی ﷺ کا دورہ، پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان گہرے اور پائیدار تعلقات کا مظہر ہے

عالمی مسائل سے نمٹنے کے لیے امت مسلمہ میں اتحاد و یکجہتی کو مزید مستحکم کرنا وقت کی ضرورت ہے، سپیکر سردار ایاز صادق

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے مسجد نبوی ﷺ کے امام الشیخ ڈاکٹر صلاح بن محمد البدیر کی ملاقات۔ ملاقات میں سعودی عرب کے سفیر محمد نواف بن الماکی، وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ، اپوزیشن لیڈر عمر ایوب، علی محمد خان، بیرسٹر گوہر علی خان، ملک عامر ڈوگر، مولانا فضل الرحمان، سابق اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر، ڈاکٹر طارق فضل چودری اور دیگر ارکین قومی اسمبلی موجود۔ امام مسجد نبوی ﷺ کی پارلیمنٹ آمد باعث مسرت و برکت ہے، اسپیکر قومی اسمبلی مسجد نبوی ﷺ کے امام الشیخ ڈاکٹر صلاح بن محمد البدیر قومی اسمبلی آمد کے موقع پر دعا مانگ رہے ہیں مسلمانوں کے دلوں میں (بقیہ نمبر 45)

مسجد نبوی ﷺ کے امام الشیخ ڈاکٹر صلاح بن محمد البدیر قومی اسمبلی آمد کے موقع پر دعا مانگ رہے ہیں

عوام کو ریلیف دینا حکومت کی اولین ترجیح ہے

ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سید سال خان کی نومنتخب چیئرمین ایف بی آر راشد لنگڑیال سے ملاقات، عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد

قابل اور محنتی افسران کی بدولت ملک ترقی کی جانب گامزن ہو جاتا ہے۔ پاکستان میں ٹیلنٹ کی کمی نہیں، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سید سال خان کی نومنتخب چیئرمین ایف بی آر راشد لنگڑیال سے ملاقات۔ ملاقات میں ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے نومنتخب چیئرمین ایف بی آر کو عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد دیتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ سینیٹر سید سال خان نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کے وژن کے مطابق ایف بی آر کو ٹیکس ریونیو بڑھانے کے لیے اپنا کردار ادا کرنا ہوگا (بقیہ نمبر 39)

ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سید سال خان کی نومنتخب چیئرمین ایف بی آر راشد لنگڑیال سے ملاقات کر رہے ہیں

ٹرک نے کار، موٹر سائیکل سواروں کو کچل دیا، 2 افراد جاں بحق، 5 زخمی

کراچی (انٹرنیوز) کراچی میں کراچی میں تیز رفتار ٹرک نے کار اور موٹر سائیکل سواروں کو کچل دیا جس کے نتیجے میں 2 افراد جاں بحق، 5 زخمی ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق کراچی میں ڈیفنس موڑ کے قریب تیز رفتار ٹرک نے کار اور موٹر سائیکل سواروں کو کچل دیا (بقیہ نمبر 40)

پی ٹی آئی کارکن ڈکیتی کے دوران فائرنگ سے جاں بحق

سندھ حکومت نے کراچی کے نوجوانوں کی نسل کشی کا ذمہ اپنے سر لیا ہوا ہے

کراچی (آئی آئی پی) کراچی کے علاقے نارتھ ناظم آباد میں کے ڈی اے پلی کے قریب ڈکیتی کے دوران فائرنگ سے ایک 40 سالہ اس جی شخص زخمی ہوا جو بعد (بقیہ نمبر 47)

ڈی جی پی آر پنجاب / تعیناتی

گریڈ 20 کے ڈاکٹر شہنشاہ فیصل عظیم (DGPR) پنجاب تعینات

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) گریڈ 20 کے ڈاکٹر شہنشاہ فیصل عظیم کو ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشنز (DGPR) پنجاب تعینات کر دیا گیا۔ سیکرٹری انفارمیشن اینڈ کلچر پنجاب احمد عزیز تارڑ نے ڈی پی آر کے عہدہ کا اضافی چارج واپس لے لیا گیا۔ اس سے پہلے ڈاکٹر شہنشاہ فیصل عظیم محکمہ زراعت پنجاب میں بطور سپیشل سیکرٹری خدمات سرانجام دے رہے تھے۔ محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ نے نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔

گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان ایکسپو سنٹر لاہور میں 100 دیس پاکستان لائف سٹائل فرنیچر ایکسپو کی افتتاحی تقریب کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

ایف آئی اے افسران پر غیر ملکی وفود سے ملاقات کیلئے اجازت لینا لازمی قرار

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) کے افسران کو غیر ملکی وفود کے ساتھ ملاقات کے لیے وزارت خارجہ سے اجازت لینا لازم قرار کر دیا گیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ڈی جی ایف آئی اے کی ملاقات کے لیے ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل سے اجازت لینا لازم قرار دیا گیا (بقیہ نمبر 41)

قومی ہیرو ارشد ندیم کے لیے 20 لاکھ روپے انعام کا اعلان

ارشد ندیم کی وطن واپسی پر ان کو گورنر ہاؤس لاہور میں ورکنگ کا ایوارڈ دیا جائے گا، سردار سلیم حیدر خان

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے قومی ہیرو ارشد ندیم کے لیے 20 لاکھ روپے انعام کا اعلان کر دیا۔ سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ ارشد ندیم کی وطن واپسی پر ان کو گورنر ہاؤس لاہور میں 118 سال پرانے ریکارڈ کو توڑ کر تاریخ رقم کی۔ سبز ہلالی پرچم کو دنیا میں بلند کرنے والے قومی ہیرو کو بھتہ خراج (بقیہ نمبر 42)

CASS نے جموں و کشمیر میں جاری غاصبانہ بھارتی قبضے پر مفصل گفتگو کا انعقاد

5 اگست 2019 کو مودی حکومت کے آرٹیکل 370 اور 35A کی منسوخی کے بعد کشمیر میں سخت سیکیورٹی اقدامات، ٹشول کرفیو اور مواصلاتی بلیک آؤٹ، جیسے کئی

بھارتی سپریم کورٹ نے حکومت کے ان اقدامات کی تائید کی، جن میں علاقے کے ڈیموگرافکس کو تبدیل کرنے کے لیے قانون سازی شامل ہے، ایئر مارشل حبیب

سینٹر فار ریوایسیس اینڈ سکیورٹی اسٹڈیز (CASS)، اسلام آباد نے اپنی کیلائسٹ کنگھو میریز کے تحت "چار رنگیروں میں: جموں و کشمیر پر بھارت کا حاصرہ" کے عنوان سے ایک خصوصی سیشن کا انعقاد کیا جس میں کشمیر لٹریسی نیٹ آف انٹیلیکچوئل ریفلیکشنز کے چیئرمین جناب الطاف حسین وانی کے ساتھ ہندوستان کے غیر قانونی طور پر مقبوضہ جموں و کشمیر (IIOJK) کی موجودہ صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ایئر مارشل فاروق حبیب (ریٹائرڈ)، سینئر ڈائریکٹر CASS، نے ابتدائی کلمات میں کہا کہ IIOJK کا مکمل طور پر بھارتی یونین میں (بقیہ نمبر 43)

خیبر پختونخوا کے 4 صوبائی وزراء کی کارکردگی غیر تسلی بخش

7 صوبائی وزراء کا کام نارمل، 6 وزراء کی کارکردگی اچھی ہے رپورٹ تیار

پشاور (این این آئی) خیبر پختون خوا کابینہ کے ارکین کی کارکردگی کی رپورٹ تیار کر لی گئی۔ ذرائع نے بتایا ہے کہ وزیر اعلیٰ خیبر پختون خوا علی امین گنڈاپور پانی پی آئی کا یہ رپورٹ پیش کریں گے۔ رپورٹ کے مطابق 4 صوبائی وزراء کی کارکردگی تسلی بخش (بقیہ نمبر 49)

سینیٹ اجلاس، گولڈ میڈل جیتنے پر ارشد ندیم کو مبارکباد

ارشد ندیم ہمارا ہیرو، ملک کا نام روشن کرنے پر سراہا جانا چاہئے، ارکین

اسلام آباد (انٹرنیوز) سینیٹ ارکین نے چیئرمین اولمپکس گولڈ میڈل جیتنے پر ارشد ندیم کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ ارشد ندیم ہمارا ہیرو ہے، ملک کا نام روشن کرنے پر سراہا جانا چاہئے تبکہ پی ٹی آئی چیئرمین سینیٹ سید سال خان نے ارشد ندیم کو واپسی پر انعام (بقیہ نمبر 50)

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar Rawalpindi
عوام کی سچی ترجمان للکار
ABC
ایڈیٹوریل بورڈ: ایڈیٹر انچیف: ایڈیٹر: ایڈیٹوریل ایڈیٹر

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

بانی پی ٹی آئی واضح موقف اختیار کریں

اڈیالہ جیل میں 190 ملین پاؤنڈ ریفرنس کی سماعت کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بانی پی ٹی آئی عمران خان نے کہا کہ پہلے 9 مئی کی سی سی ٹی وی فوٹیج لائی جائیں، اگر پی ٹی آئی کے لوگ ان واقعات میں ملوث پائے گئے تو معافی بھی مانگوں گا، ان کو پارٹی سے بھی نکالوں گا اور سزا بھی دلواں گا۔ انھوں نے کہا کہ ثبوت آپ کے پاس ہیں، کیوں چھپا رہے ہیں، ثبوت چھپانا جرم ہے، پٹرول بم ہم نے صرف زمان پاک لاہور میں استعمال کیے تھے اور کہیں نہیں، اگر کوئی منظمی عہدے دار حساس عمارتوں پر پٹرول بم پھینکنے میں ملوث ہے تو اسے کڑی سے کڑی سزا دی جائے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر کے 9 مئی سے متعلق موقف پر قائم رہنے کے سوال کے جواب میں عمران خان کا کہنا تھا کہ ہم بھی 9 مئی کو معاف نہیں کریں گے، ہمارے لوگوں پر تشدد کیا گیا، پارٹی کو الیکشن نہیں لڑنے دیا گیا، 9 مئی کے متاثرین ہم ہیں ہمیں انصاف چاہیے۔ انھوں نے مزید کہا کہ 9 مئی کو ہمارے 16 لوگ شہید ہوئے، تین لوگوں کی ٹانگیں کٹیں، ایک بندہ مفلوج ہوا، ہم نے اپنے کارکنوں کی مالی امداد کی، مگر پولیس نے ان پر دباؤ ڈالا کہ وہ اس حوالے سے کوئی بات نہ کریں۔ عمران خان کا سب سے بڑا مسئلہ یہی ہے کہ وہ کسی بھی معاملہ پر واضح موقف اختیار نہیں کرتے اور اگر مکر کر تے کر بات کرتا اٹھا دیتے ہیں کہ دوسرا فریق ان سے بات کرنا بے فائدہ سمجھتا ہے۔ 9 مئی کے واقعات کتنے سنگین تھے اور فوج ان واقعات کو کس طرح دیکھتی ہے یہ بات آج تک عمران خان کو سمجھ نہیں آئی ہے۔ پاکستان کے دشمن ملک اپنی تمام تر کوششوں کے باوجود جو نہیں کر سکے وہ 9 مئی کو اپنے ہی ملک کے لوگوں سے کروا دیا گیا۔ قومی سلامتی کے ضامن اداروں کو تماشا بنا کر رکھ دیا گیا اور پھر سوشل میڈیا پر جو زہر ہلایا اور گھناؤنا پروپیگنڈا کیا گیا اس نے معاملات کو مزید بگاڑنے میں کردار ادا کیا۔ عمران خان کو چاہیے کہ وہ بالغ نظری کا مظاہرہ کرتے ہوئے اگر مگر اور چونکہ چنانچہ سے آگے بڑھ کر 9 مئی کے واقعات سے متعلق واضح موقف اختیار کریں۔ مزید یہ کہ اس حوالے سے معاملات عدالتوں میں زیر سماعت ہیں یہ معاملات عدالتوں پر چھوڑ دینے چاہئیں۔ پی ٹی آئی اگر سیاسی میدان میں رہنا چاہتی ہے تو اسے جمہوریت اور سسٹم کی بقا کے لیے افہام وتفہیم کا راستہ اپنانا چاہیے۔

جنرل عاصم منیر کا کامیاب اکنامک وژن

فرحت عباس شاہ

ابھی دو سال پہلے کی بات ہے جب پاکستان آرمی چیف جنرل عاصم منیر کے اکنامک وژن کو ان کے اپنے خیر خواہ لوگ سمجھ ابھی دیکھنے میں کے موڈ میں رکھے ہوئے تھے اور سوچ رہے تھے کہ اتنے بڑے کرائسس میں زراعت اور معدنیات کے شعبے فوری طور پر کیا معجزہ برپا کر سکتے ہیں۔ حالانکہ اس میں ایس ایف ایف کی قیام ذوری اور طویل المدتی منصوبوں کو حتمی فرامم کرنے کے لیے وہ قدم تھا جس کی پاکستان کو ہمیشہ سب سے پہلے اور سب سے زیادہ ضرورت رہی ہے کیونکہ یہاں ہمیشہ ایڈہاک امور اور ریاست پر حکومت کے ہاتھ باندھے اور ہاتھ رگڑنے کے سوا ہو کچھ بھی کی جائے اور ممکن بھی بنایا جائے پھر بھی سوال ہی پیدا نہیں ہوتا کہ اسے عملی جامہ بھی پہنایا دیا جائے۔ سو پاکستانی معیشت کو بچانے کا وہیں اس کے علاوہ ممکن ہی نہیں تھا جو جنرل عاصم منیر نے دیا اور اس پر تیزی سے کام بھی شروع ہو گیا۔

اسی ضمن میں دلیپ اور ابراہم اپنی مدد آپ کے تحت جنرل عاصم منیر کی طرف سے دیے گئے زرعی روڈ میپ پر چلنا شروع ہو چکے ہیں۔

ایگری ڈوورائم کا ریوولیشن جو سوفیصد ایک رکاوٹ عظیم ہے، زرعی سیاحت کے فروغ سے پاکستانی زراعت، زکات اور ایڈیو زری حفاظت، ترقی اور بھلائی کے لیے میدان میں کھڑی ہوئی ہے۔ ایگری ڈوورائم کے سی ای او طارق تھویہ سے میری ملاقات میری معاج، ایکسٹر بلڈ میڈیسن ایروج کی ماہر ڈاکٹر صائمہ عظیمی کی وساطت سے ہوئی۔ ڈاکٹر صائمہ عظیمی خیری آرزو رکھنے والی ایسی دوردیش مشن ہستی ہیں جن کی زندگی کا مشن یہ لوگوں کی فطرت کے قریب ترین زندگی گزارنے کے لیے کام کرنا ہے

بقیہ 1

ہے جنکو ہم ملائیں گے ملم ٹاجر ہیں ۔ ہمارے پاس کیلکولیٹر ہے ۔ ہم ایک کلو کا ریٹ 700 روپے لکھ کر فروخت کیا جا رہا ہے ۔ آج مورخہ 09 اگست کی سرکاری ریٹ لسٹ ہے یہ کلو گوشت کے فی کلو 595 روپے ہیں لیکن ہم کہتے ہیں کہ ہم ریٹ پر تحصیل نہیں کرتے ہیں گوشت ساٹھ ہزار کا ہے ۔ ہم کہتے ہیں کہ 640 روپے کا ہے ۔ ہم کہتے ہیں کہ 645 روپے فی کلو خریدار کی قسمت کے سرکاری ریٹ 595 کے طرح کا ہمارے کلیان کو گوشت کی ہے ۔ اس پر کہا جناب حضرت امیر المومنین انتظامیہ مستقل معون کیلئے کہتے کہ ہم کو پتہ ہے ۔ جو کچھ ہم کر رہے ہیں اپنا بزنس چلا رہے ہیں ۔ چھوٹے بڑے کاندروں پر جرمانے لگے ہیں ۔ قارمز ریٹ زیادہ ہے ۔ ہم کو کہتے ہیں کہ جو کچھ کر رہے ہیں ۔ ہم کو کہتے ہیں کہ ہم کو کچھ نہیں ہوگا ۔

بقیہ 2

دلاسکتے تو پکڑلیں ۔ ڈیٹ کی حالت دیکھ لیں ۔ لیل دلی خان کے ساتھ ہم کہتے ہیں کہ ہم کو کچھ نہیں ہوگا ۔

برائلر چکن کی قیمت کم نہ ہوسکی، گراں فروشوں کی چاندی

پرائس کنٹرول مجسٹریٹس نے چھوٹے دکانداروں کو ہی ٹارگٹ کرلیا فارمرز بروکرز اور سپلائرز کو کوئی پوچھنے والا نہیں

جب تک بڑے مگرمچھوں کو نہیں دبوچا جاتا تب تک حقیقی معنوں میں چکن کی قیمتیں کم ہونا ممکن ہی نہیں، حکام نوٹس لیں

گوجر خان (فرنٹیئر) ہیلر چکن کی قیمتیں تمام تر سرکاری کاوشوں کے باوجود کم نہ ہوسکیں ماریکٹ کمیٹی نے وزیر اعلیٰ پنجاب کی آنکھوں میں دھول جھونکنے کیلئے لائیو سٹاک ڈیپارٹمنٹ کی ایک ہفتہ سے مارکیٹ کمیٹی کی جانب سے جو سرکاری ریٹ لسٹ روزانہ جاری کی جاتی ہے اس پر چکن سالمی گوشت کی قیمت 595 روپے فی کلو درج کی جارہی (بقیہ نمبر 1)

گھر کا بجلی کا بل 10 لاکھ روپے آیا ہے

کیا کریں کچھ بچ کر ہی بل ادا کرنا پڑیگا، ایمل ولی خان

اسلام آباد (آئی آئی پی) عوامی نیشنل پارٹی (اے این پی) کے سربراہ سینیٹر ایمل ولی خان کا کہنا ہے کہ ان کے گھر کا بجلی کا بل 10 لاکھ روپے آیا ہے، کیا کریں کچھ بچ کر ہی بل ادا کرنا پڑیگا۔ پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر میڈیا سے گفتگو میں ایمل ولی خان کا کہنا تھا کہ اس وقت اس ملک کا سب سے بڑا مسئلہ بجلی کا بل ہے، عوام کو آئی پی پی مینز سے نجات نہیں (بقیہ نمبر 2)

وزیر تعمیرات و مواصلات پنجاب ملک صہیب احمد قمر اور وزیر اسپورٹ بلال احمد سرمی ڈپلومیٹک پلازہ کے تحت انٹرسیکٹر کی مارکیٹ میں جائزہ لے رہے ہیں

اپوزیشن اتحاد کا 27، اگست کو لاہور میں جلسہ کرنے کا اعلان

16 اگست کو انتظامیہ کے ساتھ مل کر جگہ فائنل کریں گے

لاہور (آئی آئی پی) اپوزیشن اتحاد نے 27 اگست کو لاہور میں جلسہ کرنے کا اعلان کردیا، تحریک تحفظ آئین پاکستان کے ترجمان اخونزادہ حسنین یوسفزئی نے میڈیا سے گفتگو میں کہا ہے کہ 27 اگست کو مینار پاکستان پر جلسہ ہوگا، 16 اگست کو انتظامیہ کے ساتھ مل کر جگہ (بقیہ نمبر 5)

14، اگست کو ملک بھر میں عام تعطیل کا اعلان

تمام مالیاتی ادارے اور بنک بھی بند رہیں گے، وفاقی حکومت کا اعلان

اسلام آباد (آئی آئی پی) وفاقی حکومت نے 14 اگست کو پاکستان کے یوم آزادی کے موقع پر ملک بھر میں عام تعطیل کا اعلان کردیا ہے 14 اگست کو ملک بھر میں بینک اور تمام مالیاتی ادارے بھی بند رہیں گے۔ سٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے اس حوالے سے اعلامیہ جاری کردیا گیا ہے۔ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ بدھ 14 اگست (بقیہ نمبر 6)

وزیر اعظم شہباز شریف پولیو کے خاتمے کے پروگرام کراچی کے حوالے سے جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

فنکار آرٹس کونسل میں کسی سیاسی مداخلت کو برداشت نہیں کریں گے

فنکار امن کا پیغام ہیں، بین الاقوامی سطح پر پاکستان کا مثبت امیج متعارف کرواتے ہیں

فنکاروں نے راولپنڈی آرٹس کونسل پنجاب میں داخلے پر پابندی کے خلاف اپنا احتجاج ریکارڈ کروایا

راولپنڈی (عبدالرحمان ہ) فنکار آرٹس کونسل میں کسی سیاسی مداخلت کو برداشت نہیں کریں گے فنکار امن کا پیغام ہیں، بین الاقوامی سطح پر پاکستان کا مثبت امیج متعارف کرواتے ہیں۔ آرٹس کونسل پر کسی سیاسی شخصیت کو شکرانی کرنے کی اجازت نہیں دیں گے۔ فنکاروں نے راولپنڈی آرٹس کونسل پنجاب میں داخلے پر پابندی کے خلاف اپنا احتجاج ریکارڈ کروایا اور وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ (بقیہ نمبر 8)

فیصل کریم کنڈی کی ارشد ندیم کو گولڈ میڈل جیتنے پر مبارکباد

جیولین کھلاڑی نے دنیا میں ملک وقوم کا سر فخر سے بلند کردیا، گورنر خیبر پختونخوا

پشاور (انٹرنیوز) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے پیرس اولمپکس میں گولڈ میڈل جیتنے پر ارشد ندیم کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ جیولین کھلاڑی نے دنیا میں ملک وقوم کا سر فخر سے بلند کردیا ہے۔ تصیلات کے مطابق ایک

گورنر کا ارشد ندیم کیلئے 5 کروڑ 10 لاکھ روپے انعام کا اعلان

کراچی میں ارشد ندیم کے نام سے اسپورٹس اکیڈمی بھی بنائی جائے گی، مرتضیٰ وہاب

کراچی (این این آئی) اولمپکس میں ایتھلیٹ جیولین تھرو کے مقابلے میں ارشد ندیم نے ریکارڈ ارشد ندیم کی شاندار کامیابی کے بعد حکومت سندھ اور گورنر کامران ٹیسوری نے 5 کروڑ 10 لاکھ روپے انعام کا اعلان کردیا ہے۔ تصیلات کے مطابق 8 اگست کی رات کو ہونے والے

پشاور: رواں سال 19 بچے قتل، زیادتی کے 17 کیسز رپورٹ

اس سال بچوں کے ساتھ زیادتی کے الزام میں 44 ملزمان گرفتار ہوئے ہیں، پولیس رپورٹ

پشاور (این این آئی) خیبر پختون خوا کے دارالخلافہ پشاور میں رواں سال اب تک بچوں سے زیادتی کے 17 کیسز درج ہوئے ہیں۔ اس حوالے سے پولیس رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ اس سال بچوں کے ساتھ زیادتی کے الزام میں 44 ملزمان گرفتار ہوئے ہیں۔ پولیس رپورٹ کے مطابق خیبر میں رواں سال اب تک 19 بچے (بقیہ نمبر 2)

فوری ضرورت

روزنامہ عوامی للکار Daily Awami Lalkaar

کو ملک بھر کے چھوٹے بڑے شہروں سے

نمائندگان و بیورو چیف درکار ہیں

خواہشمند امیدوار رابطہ کریں۔

0312-7786354

www.awamilalkaar.com

خیبر پختونخوا کے وزیر اکیڈمک ایجوکیشن طفیل الرحمان اور مشیر خزانہ نبل اسلم سے برطانوی ہائی کمیشن کی ڈپلومیٹ ڈائریکٹر جرمیہ ملاقات کررہی ہیں

مضر صحت پلاسٹک کے بوتلوں میں سرعام دودھ کی فروخت جاری

ڈپٹی شائیں، مالکان استعمال شدہ بوتل کا کب کو بیس روپے تک کی فروخت کرنے لگے

چوآ سیدن شاہ (خاور شہزاد ہ) شہر میں مضر صحت پلاسٹک کی بوتلوں میں سرعام دودھ کی فروخت جاری، ڈپٹی شائیں مالکان استعمال شدہ بوتل کا کب کو بیس روپے تک کی فروخت کرنے لگے، تفصیلات کے مطابق حکومتی پابندی کے فیصلے پر (بقیہ نمبر 4)

گلوبل بریسٹ فیڈنگ ویک کے موقع پر آگاہی سیشن کا انعقاد

دودھ پلانے کے فروغ کے لیے اہم اقدامات پر غور، ڈاکٹر محمد عارف

صوابی (آصف یعقوبی ہ): ڈسٹرکٹ ہسپتال آفیسر صوابی نے ڈی او آر اس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ مینجمنٹ ٹیم نے تعاون کیا جس میں ڈائریکٹاف ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر DHIS، ڈاکٹر وقار ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر (بقیہ نمبر 5)

صدارت ڈاکٹر محمد عارف ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر صوابی کے ڈی او آر اس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ مینجمنٹ ٹیم نے تعاون کیا جس میں ڈائریکٹاف ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر DHIS، ڈاکٹر وقار ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر (بقیہ نمبر 5) کے تعاون سے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفس صوابی میں آگاہی سیشن کا انعقاد کیا گیا۔ اس تقریب کی

وزیر اقلیتی امور پنجاب رمیش سنگھ اروڑا، پاسٹر شرمت عاصی کی رہائشگاہ آمد پر پنک استقبال کیا جارہا ہے

مرکزی میلاد کمیٹی کے زیر اہتمام عید میلاد النبی کی تیاریوں کا آغاز

سفید لباس پہنے، پرامن طریقہ سے اور گج وج کر آقا کا میلاد منانے کا فیصلہ

سیکورٹی، صفائی، نظم و ضبط، اور لنگر سمیت دیگر معاملات پر مشاورت

گوجر خان کر دونواح کے جلوسوں کے منتظمین سے رابطہ کرنے کا فیصلہ

گوجر خان (فرنٹیئر) مرکزی میلاد کمیٹی گوجر خان کے زیر اہتمام بارہ ربیع الاول عید میلاد النبی کی تیاریوں کا آغاز مرکزی جلوس کے حوالے سے جنرل باڈی اور ذیلی میلاد کمیٹیوں سے میٹنگز، سیکورٹی، صفائی نظم و ضبط، اور لنگر سمیت دیگر معاملات پر مشاورت، گوجر خان کے کردونواح کے جلوسوں کے منتظمین سے رابطہ کرنے کا فیصلہ، تفصیلات کے مطابق مرکزی میلاد کمیٹی گوجر خان کے زیر اہتمام بارہ ربیع الاول عید میلاد النبی کی تیاریوں کا آغاز مرکزی جلوس کے حوالے سے جنرل باڈی اور ذیلی میلاد کمیٹیوں سے میٹنگز، سیکورٹی، صفائی نظم و ضبط، اور لنگر سمیت دیگر معاملات پر مشاورت، گوجر خان کے تیاریوں کا آغاز کیا گیا ہے، اس سلسلے میں جنرل باڈی کا اجلاس عمران بال (بقیہ نمبر 6)

الیکشن ترمیمی ایکٹ 2024 کو لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج کردیا گیا

درخواست کے حتمی فیصلے تک ترمیمی ایکٹ پر عملدرآمد روکنے اور کالعدم قرار دینے کی استدعا

لاہور (این این آئی) الیکشن ترمیمی ایکٹ 2024 کو لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج کردیا گیا۔ لاہور ہائی کورٹ میں شہری منظور حسین کی جانب سے دائر درخواست میں وفاقی حکومت، الیکشن کمیشن، صدر اور وزیراعظم کو فریق بنایا گیا ہے۔ درخواست میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ سپریم کورٹ کے فیصلے کو چیلنج کرنے کیلئے الیکشن ایکٹ میں 7 ترامیم کی گئیں، درخواست کے مطابق ترمیمی ایکٹ بحث کے بغیر اور متفقہ کمیٹی کی منظوری کے بغیر پاس (بقیہ نمبر 7)

وزیر اوپنیوسٹاک وزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی سے ڈائریکٹر جنرل ری موٹ وڈنری ایڈ فارمز گورنمنٹ میجر جنرل شاہد محمود ملاقات کررہے ہیں

"ندیم نے بہت اچھی کرکٹ کھیلی"، میرا

محنت نظر آرہی تھی، باؤلی لینگ کج میں ایسا ندارت تھی، اداکارہ کی ویڈیو وائرل

لاہور (این این آئی) اداکارہ میرا نے پیرس اولمپکس میں جیولین تھرو میں گولڈ میڈل جیتنے والے ارشد ندیم کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔ اداکارہ کا کہنا تھا کہ ندیم نے بہت اچھی کرکٹ کھیلی اور پاکستان کا نام روشن کیا، انہوں نے بہت اچھا کھیلا، بڑی محنت نظر آرہی تھی (بقیہ نمبر 18)

صوابی: وزیر تعلیم اعلیہ بیرونی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کی تعیناتی کے موقع پر صوابی وزیر رمیش خیبر خیبر پرویز کیشیڈ سے بریفنگ لے رہی ہیں

سی ٹی ڈی نے امام مسجد کے قتل کے ماسٹر مائنڈ کو گرفتار کرلیا

گرفتار ملزم کا امام مسجد سے پلاٹ کا تنازع چل رہا تھا، انچارج سی ٹی ڈی

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے گلستان جوہر میں تھم انہدام دہشت گردی (سی ٹی ڈی) نے کارروائی کرتے ہوئے امام مسجد کے قتل کے ماسٹر مائنڈ کو گرفتار کرلیا، انچارج سی ٹی ڈی کے مطابق گرفتار ملزم کا امام مسجد سے پلاٹ کا تنازع چل رہا تھا، سی ٹی ڈی کے انچارج نے بتایا ہے کہ ملزم نے امام مسجد کے قتل کے لیے اجرتی قاتلوں کو 5 لاکھ روپے دیے تھے، تھم انہدام دہشت گردی کے ترجمان نے بتایا ہے کہ گرفتار ملزم جنیش ایف آئی اے کا سابق انسپکٹر ہے۔ سی ٹی ڈی کے مطابق قتل میں ملوث 2 ملزمان پہلے ہی گرفتار ہوچکے ہیں۔

چاہتے ہیں سعودی عرب امتِ مسلمہ کی رہنمائی کرے، مولانا فضل الرحمٰن

سعودی عرب کو اسلامی دنیا کی سربراہی کا حق دینے ہیں، سربراہ جے یو آئی

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن نے کہا ہے کہ سعودی عرب امتِ مسلمہ کی رہنمائی کرے۔ سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمٰن نے قومی اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ ہم سمجھتے ہیں کہ پاکستان اور سعودی عرب مل کر مسلمانوں کے مسائل اٹھائیں۔ انہوں نے کہا کہ سعودی سفیر، سفیر خادم حرمین شریفین کو خوش (بقیہ نمبر 19)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

ٹماٹر اور پیاز کی طلب اور رسد میں اضافہ ایک بڑا مسئلہ ہے افتخار علی بھون

راولپنڈی (اے ایف پی) سبزی زراعت پنجاب افتخار علی بھون نے کہا ہے کہ ٹماٹر اور پیاز کی طلب اور رسد میں اضافہ ایک بڑا مسئلہ ہے۔ صوبہ پنجاب میں پیاز اور ٹماٹر کی آف سیزن کاشت کا حلقہ لیڈ فارمیشنز کو خصوصی ٹاسک دیا گیا ہے۔ اس ضمن میں ٹماٹر اور پیاز کی متقاضی پیداوار میں اضافہ کے لیے پلان تیار کیا جارہا ہے۔ وہ آج ایک اعلیٰ سطحی (بقیہ نمبر 3)

اپنے ہی کزن کی گولی مار کر جاں بحق

کرینوالا ملزم فرار، تلاش شروع

اٹک (این این آئی) معمولی لڑائی پر اپنے ہی کزن کی گولی مار کر جاں بحق کرنے والا ملزم فرار ہوگیا، پولیس نے مقدمہ درج کرکے ملزم کی تلاش شروع کردی۔ تفصیلات کے مطابق تھم کی ذیو جھم صفدر نے قانونی اٹک میں درخواست دی ہے کہ وہ حلقہ علی جاوا اٹک کی رہائشی ہیں، میرے دو بیٹے اور دو بیٹیاں ہیں اور خاوند بسلسلہ روزگار کراچی میں ہوتا ہے۔ بذابتا منیر احمد جعل ٹلہ کے پاس اٹک شہر میں (بقیہ نمبر 4)

کسان کارڈ کی رجسٹریشن "پہلے آئیے، پہلے پائیے" کی بنیاد پر کی جارہی ہے

راولپنڈی (اے ایف پی) وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کی رجسٹریشن "پہلے آئیے، پہلے پائیے" کی بنیاد پر کی جارہی ہے۔ یہ بات وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کی رجسٹریشن اور اجراء سے متعلق کسانوں کے اجتماع سے گفتگو کرتے ہوئے ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع اٹک ڈاکٹر محمد جاوید نے کہی۔ انھوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کی (بقیہ نمبر 7)

طیاروں سے پرندے ٹکرانے کے واقعات میں اضافہ

گزشتہ چھ ماہ کے دوران طیاروں سے پرندے ٹکرانے کے 38 واقعات، قومی ایئرلائن کو لاکھوں ڈالرز نقصان کا سامنا

لاہور (این این آئی) لاہور سمیت ملک کے مختلف ایئرپورٹس پر طیاروں سے پرندے ٹکرانے کے واقعات میں بتدریج اضافہ ہونے لگا۔ پی آئی اے جانب سے طیاروں سے پرندے ٹکرانے سے متعلق رپورٹ جاری کر دی گئی۔ رپورٹ کے مطابق گزشتہ چھ ماہ کے دوران قومی ایئرلائن کے طیاروں سے پرندے ٹکرانے کے 38 واقعات رپورٹ ہوئے، طیاروں سے پرندے ٹکرانے کی وجہ سے قومی ایئرلائن کو لاکھوں ڈالرز نقصان کا سامنا کرنا پڑا۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ سب سے زیادہ پرندے ٹکرانے کے واقعات لاہور ایئرپورٹ پر پیش آئے، لاہور ایئرپورٹ پر کل 14 اور کراچی ایئرپورٹ پر گزشتہ 6 ماہ کے دوران 8 طیاروں سے پرندے ٹکرانے (بقیہ نمبر 20)

وزیر اقلیتی امور پنجاب رمیش سنگھ اروڑا اور برائے کاہی اقلیتی افراد کے تقریب سے خطاب کررہے ہیں، پیٹر جیکٹ، قادر حسین خان و دیگر اسٹیج پر موجود ہیں

راولپنڈی انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی میں نیا ایمرجنسی سسٹم متعارف کروادیا

راولپنڈی (اے ایف پی) راولپنڈی انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی میں نیا ایمرجنسی سسٹم متعارف کروادیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق آر آئی سی میں نیا ایمرجنسی سسٹم متعارف کروادیا گیا ہے۔ جس کے تحت روزانہ 30 مریضوں کا بغیر کسی تفاریق کے علاج کیا جاتا ہے۔ دور دراز علاقوں سے آنے والے مریضوں کے لیے بلیڈ و کاؤنٹر بھی بنایا گیا ہے۔ جو ایک ٹیسٹ مناسب پیسوں میں ای ہی کرواسکتے ہیں تاکہ انھیں دوبارہ آنے کی زحمت یا تکلیف نہ اٹھانی پڑے (بقیہ نمبر 2)

ثانوی بورڈ راولپنڈی نے امتحان ہم (فرسٹ ایئول 2024 کے نتائج کا اعلان کردیا

راولپنڈی (اے ایف پی) پنجاب بورڈ ثانوی آئی تعلیمی کی طرف سے جاری شدہ شیڈیول کے مطابق ثانوی بورڈ راولپنڈی نے امتحان ہم (فرسٹ ایئول) 2024 کے نتائج کا اعلان کردیا۔ چیئرمین بورڈ راولپنڈی نے امتحان ہم (فرسٹ ایئول) 2024 کے نتائج کا اعلان کردیا ہے۔ امتحان ہم (فرسٹ ایئول) میں 125715 امیدواران نے داخلہ بھجوایا جبکہ 123790 نے امتحان (بقیہ نمبر 23)

میونسپل کمیٹی پنڈ دادن خان بذات خود واٹر ٹریٹمنٹ پلاٹ چلانے نہیں سکتی

تحقیر حضرات کے فری چلنے والی ٹریٹمنٹ پلانٹ کے لیے پانی دینے کو تیار نہیں

واٹر ٹریٹ منٹ پلانٹ کی بندش سے ہزاروں شہری صاف پانی سے محروم ہیں

ڈوڈہ دادن (سرفراز عباس ہ) میونسپل کمیٹی پنڈ دادن خان بذات خود واٹر ٹریٹمنٹ پلاٹ چلانے سکتی اور تحقیر حضرات کے فری چلنے والی ٹریٹمنٹ پلانٹ کے لیے پانی دینے کو تیار نہیں 30 لاکھ روپے کی لاگت سے عوامی فلاح کے لیے مدنی پور دادن اور تحقیر کی جانب سے تیار کردہ واٹر فلٹر پلانٹ بلدیہ کی جانب سے ایک پانی کا کنکشن تبدیل نہ کرنے کے باعث بیکار ڈوڈہ پلانٹ سے روزانہ کی بنیاد پر ایک ہزار سے زائد افراد استفادہ کرتے تھے اور منجمنٹ کے تمام تر اخراجات اپنی مدد اپ کے تحت تحقیر حضرات کرتے تھے۔ علامہ مولانا پنڈ دادن خان چودری عبدالغفار دمی کی جانب سے برادران اور تحقیر حضرات کی طرف سے لگایا (بقیہ نمبر 2)

بی آئی ایس پی میں

11 ارب 56 کروڑ کی مالی بے ضابطگیاں سامنے آگئیں

برانچ لیس بینکنگ اکاؤنٹس 35 کروڑ سے زائد غائب، غیر مجاز طلبا کو ٹیوشن فیس و سکالرشپ کی مد میں 11 کروڑ 34 لاکھ روپے کی ادائیگی

مستحقین کے اکاؤنٹ سے 8 کروڑ 39 لاکھ روپے ہیرا پھیری سے نکلوائے گئے، آڈٹ رپورٹ

اسلام آباد (انٹرنیوز) بینظیر انکم سپورٹ پروگرام میں 11 ارب 56 کروڑ کی مالی بے ضابطگیاں سامنے آگئیں۔ اطلاعات کے مطابق جاری آڈٹ رپورٹ کے مطابق 2022-23 میں بی آئی ایس پی میں 11 ارب 56 کروڑ روپے کی مالی بے ضابطگیاں سامنے آئی ہیں۔ آڈٹ رپورٹ کے مطابق مستحقین کیلئے برانچ لیس بینکنگ اکاؤنٹ کھولنے میں بھی بے قاعدگیاں کی گئی ہیں، بلوچستان اور سندھ میں برانچ لس بینکنگ اکاؤنٹس سے 35 کروڑ 56 لاکھ روپے غائب ہیں، برانچ لیس بینکنگ اکاؤنٹس میں غیر متعلقہ افراد کے موبائل (بقیہ نمبر 24)

مسلم لیگ (ق) لاہور کے جنرل سیکرٹری ندیم پہلوان چیلنج کھلاڑی اسٹرنڈم کے بیرس اولمپکس میں گولڈ میڈل جیتنے کی خوشی میں منعقدہ جشن کی تقریب میں مٹھائی تقسیم کررہے ہیں

معمر جوڑے کی جائیداد ہتھیانے اور قتل کی کوشش ناکام، ملزمان گرفتار

ہتھیائے گئے 80 لاکھ روپے، پلاٹس کی فائلیں دیگر بھیجی برآمد، 2 فرار ملزمان کی تلاش جاری

راولپنڈی (اے ایف پی) کھن قبرستان میں اپنی میاں بیوی کو اٹھوا کر کے جائیداد ہتھیانے اور اجتماعی قتل کی کوشش کرنے والے دو ملزمان کو گرفتار کرلیا جبکہ دو فرار ہوگئے۔ ایس پی ماڈل ٹاؤن اخلاق اللہ تارڑ نے ماڈل ٹاؤن بیٹ کوارٹرز میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ بوڑھے میاں بیوی کو قتل کرنے اور جائیداد ہڑپ کرنے کی کوشش ہوئی ہے، ماڈل (بقیہ نمبر 25)

کھن قبرستان میں اپنی مدد آپ کے تحت صفائی مہم کا آغاز کردیا ظفر اقبال

راولپنڈی (اے ایف پی) کھن قبرستان میں اپنی مدد آپ کے تحت صفائی مہم کا آغاز کردیا گیا ہے اس موقع پر ہیومینٹ بورڈ حاجی ظفر اقبال نے قبرستان کا خصوصی دورہ کیا اور صفائی کی مہم کا افتتاح کیا انہوں نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ قبرستان وہ خوشیاں ہے جس میں ہم سب کے پیارے مدفون ہوتے ہیں قبرستانوں کی دیکھ بھال اور صفائی معاشرتی ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے جبکہ شہریوں کو قبرستانوں میں گندگی پھیلنے سے بھی گریز کرنا چاہیے۔ (بقیہ نمبر 26)

اپوزیشن اتحاد کا 27 اگست کو لاہور میں جلسہ کرنے کا اعلان

لاہور (این این آئی) اپوزیشن اتحاد نے 27 اگست کو لاہور میں جلسہ کرنے کا اعلان کردیا۔ تحریک تحفظ آئین پاکستان کے ترجمان اخونزادہ حسنین یوسفزئی نے میڈیا سے گفتگو میں بتایا کہ 27 اگست کو مینار پاکستان پر جلسہ ہوگا، 16 اگست کو انتظامیہ کے ساتھ مل کر جگہ فائنل (بقیہ نمبر 27)

سی ٹی ڈی اسلام آباد رول میں ٹریفک ملازمین سے متعلق شکایات کی تحقیق کررہے ہیں

سی ٹی ڈی اسلام آباد کا ٹریفک ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد میں اہل روم کا انعقاد

حل طلب مسائل کا موقع پر ہی احکامات جاری کئے گئے باقی مسائل کے حل کے لئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کئے

اہل روم کے انعقاد کا مقصد پولیس افسران کی ریفنیئر ذاتی معکاری مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کے ساتھ ان کے مورال و بلند کرنا ہے

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی خصوصی ہدایات پر پولیس افسران کو درپیش تھکاوٹ اور ذاتی نوعیت کے مسائل کے بروقت اور ترجیحی بنیادوں پر حل کو یقینی بنانے کیلئے چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد نے 25-2024 کے وفاقی بجٹ کے تناظر کے بعد سے ایک ہفتے معمولی کمی کے بعد مہنگائی کی شرح میں پھر سے اضافہ ہوگیا ہے اور حالیہ ہفتے ملک میں مہنگائی کی شرح بن 0.30 فیصد اور سالانہ بنیاد پر مہنگائی کی شرح 17.96 فیصد ریکارڈ کی گئی۔ وفاقی ادارہ شماریات کی جانب سے جاری کردہ مہنگائی کی ہفتہ وار رپورٹ کے مطابق حالیہ ہفتے پٹرول کی قیمت میں 0.52 فیصد، بجلی 3.23 فیصد، آلو کی قیمت میں 0.70 فیصد، پیاز 3.23 فیصد، انڈا 1.73 فیصد، دال چنا 0.95 فیصد، دال مونگ 4.28 فیصد، دال ماش کی قیمت میں 0.97 فیصد، دال مونگ کی قیمتوں میں 0.83 فیصد (بقیہ نمبر 28)

مہنگائی میں مسلسل اضافہ سالانہ بنیاد پر ہفتہ وار مہنگائی کی شرح 17.96 فیصد

ہفتہ وار بنیاد پر مہنگائی کی شرح 0.30 فیصد اضافہ ہوا، وفاقی ادارہ شماریات

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

صرف 5000/- روپے میں

اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں۔

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ

Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup

News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا

یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے

E-Commerce Website Price: 6000/-

سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائیں گے

Call / Whatsapp 0309-7900035